
© rasailojaraid.com





# حُسنِ انتقاد

تبصرے کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

ذ۔ بخاری

**دفاعِ ختم نبوت** تحقیق وتدوین: **محمد طاہر عبدالرزاق**، ضخامت: ۱۹۶ صفحات، قیمت: ۹۰ روپے،

ملنے کا پتہ: علم وعرفان پبلشرز، اردو بازار۔ لاہور

دفاعِ ختم نبوت کے محاذ پر سرگرم ایک مخلص سپاہی محمد طاہر عبدالرزاق اب تک دو درجن سے زائد کتابیں ردِّ قادیانیت میں پیش کر چکے ہیں۔ دیکھنے میں یہ خوبصورت کتابیں ہیں لیکن دراصل قادیانی کمین گاہوں پر ایک بہادر مسلمان کے تابڑ توڑ حملے ہیں، جس نے قادیانی ''قصرِ خلافت'' کو ''قعرِ مذلّت'' میں تبدیل کر دیا ہے۔

زیرِ نظر کتاب ''دفاعِ ختم نبوت'' اکابر تحریک تحفظ ختم نبوت کی تحریروں، تقریروں اور واقعات ومشاہدات کا مرقع ہے۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ اور اُن کی خوبصورت جماعت، مجلس احرار اسلام کی جدو جہد پر مبنی مختلف حضرات کی یادداشتوں کا بہترین انتخاب ہے۔ مجاہد ختم نبوت شورش کاشمیریؒ کی مرزائیت شکن منتخب تحریریں بھی کتاب کی زینت ہیں۔ کتاب کا انتساب معرف کالم نگار جناب سید ارشاد احمد عارف کے نام ہے۔

اگرچہ فاضل محقق نے کتاب میں شامل مواد کے حوالہ جات کا اہتمام کیا ہے، مگر صفحہ ۱۲۷ تا ۱۹۶ ''تحریک تحفظ ختم نبوت اور احرار کے کارنامے'' کے زیرِ عنوان باب بغیر حوالہ کے شائع ہوا ہے۔ یہ مجلس احرار اسلام کے قدیم اور بزرگ کارکن محترم شیخ عبدالمجید احرار (امرتسری) حال مقیم گوجرانوالہ اور محترم محمد یعقوب اختر (فیصل آباد) کی یادداشتیں ہیں۔ جو ماہنامہ ''نقیبِ ختم نبوت'' ملتان میں قسط وار شائع ہوتی رہی ہیں۔ دونوں بزرگ بقیدِ حیات ہیں اور عمر رسیدہ ہونے کے باوجود آج بھی مرزائیت کے محاسبہ وتعاقب کے لئے سب کچھ قربان کرنے کیلئے تیار ہیں۔

درخواست ہے کہ کتاب کے جتنے نسخے موجود ہیں، اُن پر ان حضرات کا نام لکھ دیا جائے اور آخر میں حوالہ بھی درج کر دیا جائے۔ جبکہ آئندہ اشاعت میں مستقل درستی کر دی جائے۔

**مجاہدینِ ختم نبوت کی داستانیں** ترتیب: **محمد طاہر عبدالرزاق**، ضخامت: ۲۰۰ صفحات، قیمت: ۹۰ روپے

جناب محمد طاہر عبدالرزاق نے اس کتاب میں تحریکِ تحفظ ختم نبوت کے سلسلہ میں خدمات انجام دینے والے بزرگوں اور کارکنوں کے ایمان افروز واقعات ومشاہدات کو مختلف رسائل وجرائد اور کتابوں سے جمع کر کے نہایت حسنِ

© rasailojaraid.com